لاہور، اسلام آباد اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونیوالا مکمل اور معتبر اخبار
MEMBER APRNS
نئی آب وتاب کے ساتھ
ABC CERTIFIED
ہم پہنچائیں گے آپ کی آواز اقتدار کے ایوانوں تک۔ عوام کی امنگوں کا ترجمان
THE DAILY HIDDAT KARACHI
روزنامہ حدت لاہور
ایڈیٹر انچیف سید اے زیڈ ہاشمی
ایڈیٹر رانا خضر حیات خان
چیف کوآرڈینیٹر/ شاہد مسعود
Epaper : epaper.hiddatnews.com
Email : livehiddat@gmail.com
website : hiddatnews.com
جلد: 1 | ہفتہ 25 جنوری 2025ء 24 رجب المرجب 1446ھ | صفحات 4 قیمت 20 روپے | شمارہ: 234

# 42 سال کے دوران 23 لاکھ سے زائد شکایات کنندگان کی داد رسی کی گئی اعجاز احمد قریشی

## وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے 42 سال آج 24 جنوری 2025ء کو مکمل ہو گئے ہیں، بعدازاں چاروں صوبائی دارالحکومتوں میں اس کے علاقائی دفاتر قائم کئے گئے

## مجھے یقین ہے کہ وقت کے ساتھ ساتھ ہمارا یہ ادارہ عوامی شکایات کے ازالے کے ساتھ ساتھ بہتر طرز حکمرانی کے قیام، قانون کی حکمرانی اور بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ کے مقاصد کو حاصل کرنے میں کامیاب ٹھہرے گا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے 42 سال آج 24 جنوری 2025ء کو مکمل ہو گئے ہیں۔ 42 سال قبل 1983ء کو اسی روز جب وفاقی محتسب کا قیام عمل میں آیا تو سب سے پہلے اسلام آباد میں اس کا صدر دفتر قائم کیا گیا۔ بعدازاں چاروں صوبائی دارالحکومتوں میں اس کے علاقائی دفاتر قائم کئے گئے جب کہ آج ہیڈ آفس اسلام آباد کے علاوہ ملک بھر میں وفاقی محتسب کے 23 علاقائی دفاتر اور شکایات سنٹرز کام کر رہے ہیں۔ 42 سال کے اس سفر کے دوران ادارہ 23 لاکھ سے زائد شکایات کا ازالہ کر چکا ہے۔ سال 2024ء میں وفاقی محتسب نے دو لاکھ 23 ہزار 171 شکایات کے فیصلے کئے۔ اس موقع پر وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہر سال شکایات میں مسلسل اضافے سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ وفاقی محتسب کے ادارے پر عوام الناس کے اعتماد میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے بنیادی مقاصد، بدانتظامی کے خاتمے، گڈ گورننس کے قیام، قانون کی حکمرانی اور انسانی حقوق کے تحفظ کے لئے اپنی بھرپور کوششیں جاری رکھیں گے۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کے پیغام کا مکمل متن درج ذیل ہے وفاقی محتسب کے دفتر کے قیام کے سلسلے میں 24 جنوری کی تاریخ کو ایک خصوصی اہمیت حاصل ہے کیونکہ 42 سال قبل 1983ء کو اسی روز وفاقی محتسب کے ادارے کا قیام عمل میں آیا تھا۔ اس عرصے کے دوران یہ ادارہ لاکھوں پاکستانیوں بالخصوص معاشرے کے پسماندہ طبقے کو مفت اور فوری انصاف فراہم کرنے میں کوشاں رہا۔ چار عشرے قبل اس ادارے نے اسلام آباد میں صدر دفتر اور چاروں صوبائی دارالحکومتوں میں اپنے علاقائی دفاتر قائم کر کے جس سفر کا آغاز کیا تھا آج اپنی کارکردگی کے باعث سرکاری محکموں کی بدانتظامی روکنے کا ایک اہم ادارہ بن چکا ہے اور اس کے علاقائی دفاتر ملک کے مختلف علاقوں میں پھیلے ہوئے ہیں۔ آج یہ ادارہ جس مقام پر پہنچ چکا ہے، یہ سب مرکزی اور علاقائی دفاتر میں کام کرنے والے میرے رفقائے کار کی انتھک اور پرخلوص محنت کا ثمر ہے۔ سرکاری اداروں کی بدانتظامی، نااہلی اور غفلت کے خلاف ہمارے دفاتر میں شکایات کی مسلسل بڑھتی ہوئی تعداد اس ادارے پر عوام الناس کے اعتماد کا مظہر ہے۔ اس سال بھی ہماری کوشش ہو گی کہ عوام الناس کی فلاح و بہبود اور انہیں ان کے گھر کے قریب انصاف فراہم کرنے کے لئے اپنی بہترین صلاحیتیں بروئے کار لائیں اور ادارے تک عوام الناس کی رسائی آسان بنائی جائے۔ آیئے! نئے سال میں آج کے دن ہم اس عہد کا اعادہ کریں کہ ہم محتسب کے بنیادی تصور کے مطابق عام لوگوں کی شکایات کے ازالے کے لئے اپنی بھرپور کوششیں اسی جذبے سے جاری رکھیں گے۔ مجھے یقین ہے کہ وقت کے ساتھ ساتھ ہمارا یہ ادارہ عوامی شکایات کے ازالے کے ساتھ ساتھ بہتر طرز حکمرانی کے قیام، قانون کی حکمرانی اور بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ کے مقاصد کو حاصل کرنے میں کامیاب ٹھہرے گا۔''



اسلام آباد (نادر حسین سے) آل پاکستان ریجنل نیوز پیپرز سوسائٹی APRNS کے مرکزی صدر غلام مرتضی جٹ اور سیکرٹری جنرل قسور روحانی کی ملاقات، اہم تنظیمی امور پر مشاورت کی گئی

لاہور، اسلام آباد اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونیوالا مکمل اور معتبر اخبار

MEMBER APRNS — نئی آب و تاب کے ساتھ — ABC CERTIFIED

ہم پہنچائیں گے آپ کی آواز اقتدار کے ایوانوں تک۔ عوام کی امنگوں کا ترجمان

THE DAILY HIDDAT KARACHI

روزنامہ حدت لاہور

ایڈیٹر انچیف سید اے زیڈ ہاشمی

ایڈیٹر رانا خضر حیات خان

چیف کوآرڈینیٹر / شاہد مسعود

Epaper : epaper.hiddatnews.com
Email : livehiddat@gmail.com
website : hiddatnews.com


جلد: 1 | ہفتہ 25 جنوری 2025ء، 24 رجب المرجب 1446ھ | صفحات 4 قیمت 20 روپے | شمارہ: 234

# 42 سال کے دوران 23 لاکھ سے زائد شکایات کی داد رسی کی گئی اعجاز احمد قریشی

## وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے 42 سال آج 24 جنوری 2025ء کو مکمل ہو گئے ہیں، بعد ازاں چاروں صوبائی دارالحکومتوں میں اس کے علاقائی دفاتر قائم کئے گئے

## مجھے یقین ہے کہ وقت کے ساتھ ساتھ ہمارا یہ ادارہ عوامی شکایات کے ازالے کے ساتھ ساتھ بہتر طرز حکمرانی کے قیام، قانون کی حکمرانی اور بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ کے مقاصد کو حاصل کرنے میں کامیاب ٹھہرے گا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے 42 سال آج 24 جنوری 2025ء کو مکمل ہو گئے ہیں۔ 42 سال قبل 1983ء کو اسی روز جب وفاقی محتسب کا قیام عمل میں آیا تو سب سے پہلے اسلام آباد میں اس کا صدر دفتر قائم کیا گیا۔ بعد ازاں چاروں صوبائی دارالحکومتوں میں اس کے علاقائی دفاتر قائم کئے گئے جب کہ آج ہیڈ آفس اسلام آباد کے علاوہ ملک بھر میں وفاقی محتسب کے 23 علاقائی دفاتر اور شکایات سنٹرز کام کر رہے ہیں۔ 42 سال کے اس سفر کے دوران ادارہ 23 لاکھ سے زائد شکایات کا ازالہ کر چکا ہے۔ سال 2024ء میں وفاقی محتسب نے دو لاکھ 23 ہزار 171 شکایات کے فیصلے کئے۔ اس موقع پر وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہر سال شکایات میں مسلسل اضافے سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ وفاقی محتسب کے ادارے پر عوام الناس کے اعتماد میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے بنیادی مقاصد، بدانتظامی کے خاتمے، گڈ گورننس کے قیام، قانون کی حکمرانی اور انسانی حقوق کے تحفظ کے لئے اپنی بھرپور کوششیں جاری رکھیں گے۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کے پیغام کا مکمل متن درج ذیل ہے وفاقی محتسب کے دفتر کے قیام کے سلسلے میں 24 جنوری کی تاریخ کو ایک خصوصی اہمیت حاصل ہے کیونکہ 42 سال قبل 1983 کو اسی روز وفاقی محتسب کے ادارے کا قیام عمل میں آیا تھا۔ اس عرصے کے دوران یہ ادارہ لاکھوں پاکستانیوں بالخصوص معاشرے کے پسماندہ طبقے کو مفت اور فوری انصاف فراہم کرنے میں کوشاں رہا۔ چار عشرے قبل اس ادارے نے اسلام آباد میں صدر دفتر اور چاروں صوبائی دارالحکومتوں میں اپنے علاقائی دفاتر قائم کر کے جس سفر کا آغاز کیا تھا آج اپنی کارکردگی کے باعث سرکاری محکموں کی بدانتظامی روکنے کا ایک اہم ادارہ بن چکا ہے اور اس کے علاقائی دفاتر ملک کے مختلف علاقوں میں پھیلے ہوئے ہیں۔ آج یہ ادارہ جس مقام پر پہنچ چکا ہے، یہ سب مرکزی اور علاقائی دفاتر میں کام کرنے والے میرے رفقائے کار کی انتھک اور پرخلوص محنت کا ثمر ہے۔ سرکاری اداروں کی بدانتظامی، نااہلی اور غفلت کے خلاف ہمارے دفاتر میں شکایات کی مسلسل بڑھتی ہوئی تعداد اس ادارے پر عوام الناس کے اعتماد کا مظہر ہے۔ اس سال بھی ہماری کوشش ہو گی کہ عوام الناس کی فلاح و بہبود اور انہیں ان کے گھر کے قریب انصاف فراہم کرنے کے لئے اپنی بہترین صلاحیتیں بروئے کار لائیں اور ادارے تک عوام الناس کی رسائی آسان بنائی جائے۔ آیئے! نئے سال میں آج کے دن ہم اس عہد کا اعادہ کریں کہ ہم محتسب کے بنیادی تصور کے مطابق عام لوگوں کی شکایات کے ازالے کے لئے اپنی بھرپور کوششیں اسی جذبے سے جاری رکھیں گے۔ مجھے یقین ہے کہ وقت کے ساتھ ساتھ ہمارا یہ ادارہ عوامی شکایات کے ازالے کے ساتھ ساتھ بہتر طرز حکمرانی کے قیام، قانون کی حکمرانی اور بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ کے مقاصد کو حاصل کرنے میں کامیاب ٹھہرے گا۔"



اسلام آباد (نادر حسین سے) آل پاکستان ریجنل نیوز پیپرز سوسائٹی APRNS کے مرکزی صدر غلام مرتضیٰ جٹ اور سیکرٹری جنرل قسور روحانی کی ملاقات، اہم تنظیمی امور پر مشاورت کی گئی

ABC Certified
ملتان، لاہور، ڈی جی خان، بہاولپور، جھنگ، رحیم یار خان میں دستیاب

Daily SULTAN Multan

چیف ایڈیٹر: محمد علی سلطان

روزنامہ سلطان ملتان

گروپ ایڈیٹر
محمد عاکف لطیف سومرو

061-4514680
0300-9680640

جلد نمبر 16 | ہفتہ 24 رجب المرجب 1446ھ 25 جنوری 2025ء صفحات 6 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 24



# انکم ٹیکس کے ایڈمن آفیسر کی ٹیکس دہندہ شہری سے بدتمیزی پر نوٹس

## وفاقی محتسب ملتان کا نوٹس، عہدہ سے ہٹا دیا گیا۔ شہریوں کے حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جائے گا، ڈاکٹر محمد زاہد ملک

## کسی بھی سرکاری افسر کو شہریوں کا حقوق صلب کرنے کا کوئی اختیار حاصل نہیں ہے۔

ملتان (جنرل رپورٹر) انکم ٹیکس ریجنل دفتر کے ایڈمن آفیسر کی جانب سے ٹیکس دہندہ شہری شان خالق سے بدتمیزی کی شکایت پر متعلقہ آفیسر کے خلاف سخت تادیبی کارروائی کرتے ہوئے، انچارج وفاقی محتسب ملتان ریجن ڈاکٹر زاہد ملک نے متعلقہ آفیسر کو اس کے عہدے سے ہٹانے کے احکامات جاری کر دیئے ہیں۔ جس پر متعلقہ محکمہ کی جانب سے فوری کارروائی کرتے ہوئے انچارج نیشنل ٹیکس نمبر ملتان کو اس کے عہدے سے ہٹا دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق متعلقہ ٹیکس دہندہ شہری نے وفاقی محتسب کو تحریری شکایت میں موقف اختیار کیا کہ اس نے اپنے ٹیکس معاملے پر معلومات حاصل کرنے کے لئے ریجنل ٹیکس آفس سے رجوع کیا۔ مگر ڈیوٹی پر موجود ایڈمن آفیسر نے شہری سے بدتمیزی کی۔ جس پر وفاقی محتسب ملتان دفتر کے ریجنل ہیڈ نے واقع کا نوٹس لیتے ہوئے انکوائری رپورٹ طلب کی، جس میں متعلقہ ایڈمن آفسر کو قصوروار پایا گیا، جس پر محکمانہ کارروائی کی درخواست کی ہدایات جاری کی گئی، جس پر متعلقہ شہری کی جانب سے اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب ملتان ڈاکٹر زاہد ملک نے کہا ہے کہ کسی بھی سرکاری افسر کو شہریوں کا حقوق صلب کرنے کا کوئی اختیار حاصل نہیں ہے۔ تمام محکموں کے سرکاری افسران کی بنیادی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے دائرہ کار میں رہ کر عوام الناس کی شکایات کو فوری طور پر دور کریں، کسی بھی آفیسر کو یہ حق حاصل نہیں ہے کہ وہ شہریوں کی عزت مجروح کریں۔ انہوں نے کہا ہے کہ ایسی کسی بھی شکایت کی صورت میں عوام الناس کو چاہیے کہ وہ وفاقی اداروں کے آفسران اور ملازمین کے خلاف کسی شکایت کی صورت میں اپنی شکایات سادہ کاغذ پر لکھ کر وفاقی محتسب کے دفتر میں جمع کروائیں، تمام تر عوامی مسائل قوائد وضوابط کے مطابق حل کروانا وفاقی محتسب کی زمہ داری ہے، جو بلا معاوضہ اور بلا تاخیر جاری رہے گی۔